طب اور مطب ہی کا غالب رہا۔ اور اسی میں پوری عمر گذاری۔ لوگ شفاء بدن کے ساتھ ان کے تقویٰ و طہارت اور معمولات کی پابندی اور پختگی سے شفاء روح بھی حاصل کرتے تھے۔

## ۷۔ حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیریؒ

سابق صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند۔ آپ حضرت شیخ الہندؒ کے مخصوص شاگردوں میں سے ہیں۔ علم کا چلتا پھرتا کتب خانہ تھے۔ آپ تمام علوم منقولات و معقولات میں کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ قوت حافظہ میں یگانۂ روزگار تھے۔ کئی مشہور محققانہ کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ کا درس حدیث اپنے دور کا مشہور درس تھا۔ جو ایک خاص امتیازی طرز لئے ہوئے تھا۔ آپ کے تبحر علمی نے درس حدیث کو جامع علوم و فنون بنا دیا تھا۔ آپ کے درس نے نقل و روایت کی راہ سے آنے والے فتنوں کے لئے آنے کی گنجائش نہیں چھوڑی تھی۔ آج بھی نمایاں علماء اور صاحب طرز فضلاء زیادہ تر آپ ہی کے تلامذہ ہیں جو ہند و پاک میں علمی مسندوں کو آراستہ کئے ہوئے ہیں۔ آپ کے یہاں ردّ قادیانیت کا خاص اہتمام تھا۔ اور اس فتنہ کو اعظم الفتن شمار کرتے تھے۔ اس سلسلہ میں کئی معرکۃ الآراء کتابیں خود بھی تصنیف فرمائیں اور بڑے اہتمام کے ساتھ اپنے تلامذہ سے بھی لکھوائیں۔ اس بارے میں بڑے شغف کے ساتھ لکھنے والوں کو علمی مدد دیتے تھے۔ اور کوئی بھی اپنا نوشتہ لاکر سناتا تو غیر معمولی خوشی کا اظہار فرماکر دعائیں دیتے تھے۔ تقریباً ۱۳۲۷ھ سے آپ نے دارالعلوم میں درس کا آغاز فرمایا ۱۳۳۳ھ سے ۱۳۴۵ھ تک آپ دارالعلوم کے صدر مدرس رہے۔ اس دوران میں تقریباً ایک ہزار طلبہ نے آپ سے استفادہ کیا۔ جن میں سے آپ کے دور صدر مدرسی میں ۸۰۹ طلبہ نے درس حدیث لیا۔ اور اس فن پاک کو تقریراً و تحریراً اور درساً و تدریساً دور دور تک پھیلایا۔

---


## ہمارے معاونین

حسب ذیل حضرات نے الحق کے لئے خریدار مہیا فرمائے جزاہم اللہ عنا و من جمیع المسلمین۔
جناب ایس۔ اے کے راؤ انگلینڈ (۵ خریدار) جناب محمود الحق صاحب حقانی (ایم ایس سی آنرز) (۲ خریدار) حافظ سید احمد شاہ (معیار مردان) (۲ خریدار) جناب مولانا فضل الرحمٰن صاحب فاضل۔ منوانی (۲ خریدار) جناب محمد رمضان صاحب۔ گجرات (۲ خریدار) جناب حافظ انصار فرید۔ کراچی (ایک خریدار) جناب مولانا فضل معبود ازہری۔ پشاور (ایک خریدار) جناب غلام نبی آفریدی۔ اکوڑہ سٹیشن (ایک خریدار) جناب اقبال احمد صاحب۔ تربیلہ (ایک خریدار) جناب ممتاز حسین صاحب۔ کبیر والہ (ایک خریدار) جناب مولانا محمد اشرف صاحب ایم۔ اے (ایک خریدار) جناب قاضی عبد الصمد صاحب سرباز ی۔ قلات (۲ خریدار) جناب مولانا عبد المجید صاحب مدرس کبیر والا۔ (ایک خریدار)